Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۸ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۷ شوال المکرم سنہ ۱۳۵۶ھ مطابق ۱۱ دسمبر سنہ ۱۹۳۷ء جلد ۴۹

حصہ دوم

احکام عالی مرتبت منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

۱	حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۲
۲	احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر پبلک ورکس	۳ و ۴
۳	نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ	۵
۴	حکم اجلاس صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر و حکم ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت -	۶
۵	نقشہ نرخنامہ اجناس	۷

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

حکم اجلاس عالیمرتبت جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

۹ر دسمبر ۱۹۳۰ء

قبل ازیں بتاریخ ۸ر ستمبر ۱۹۳۰ء اجلاس سے حکم جاری کیا گیا ہے کہ کسی عہدہ پر کسی شخص کا تقرر عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کی تصدیق چال چلن کے بغیر نہ کیا جائے۔ چونکہ اس صورت میں ایسے تقررات میں جو فوری قابل انتظام ہوتے ہیں، تاخیر و ہرج کا امکان ہے۔ لہذا حکم مذکور میں اسقدر ترمیم کیجاتی ہے کہ فوری ضرورت کے تحت عارضی تقررات ایک یا دو ماہ کے واسطے افسر متعلق کے اطمینان پر کئے جاسکیں گے۔ اس عارضی مدت میں جب عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کے ذریعہ سے چال چلن کی تصدیق ہو جائیگی تو مستقلی وغیرہ کی کارروائی عمل میں آسکے گی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب منسٹر پبلک ورکس

رخصت

۲۲ر نومبر ۱۹۳۶ء

مصدرہ کاغذات یادداشت انجینیر صاحب روشنی برقی نمبرہ عرضی معہ نقشہ رخصت رعایتی ایک ہفتہ از ۲ر لغایتہ ۹ر نومبر ۱۹۳۶ء مسمی لڈن خان مستری دائرمین ملازم بجلی گھر مشاہرہ دار ۱۰ روپیہ ماہوار بوجہ علالت مع تصدیق صاحب فائنانس سکریٹری بہادر (آڈٹ) بابتہ استحقاق رخصت رعایتی دس یوم بشمول رخصت اتفاقیہ از ۲۰ر اکتوبر لغایتہ ۹ر نومبر ۱۹۳۶ء

حکم

حسب سفارش انجینیر صاحب روشنی برقی و تصدیق ایگزامنر آفس مسمی لڈن خاں دائرمین ملازم بجلی گھر تنخواہ دار ۱۰ ماہوار کی رخصت رعایتی دس یوم بشمول رخصت اتفاقیہ ۲۰ر اکتوبر ۱۹۳۶ء سے منظور ہے۔ بسررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر پبلک ورکس

رخصت

۲۲ر نومبر ۱۹۳۶ء

مصدرہ کاغذات یادداشت انجینیر صاحب روشنی برقی نمبرہ عرضی معہ نقشہ رخصت مزید رعایتی ایک ہفتہ بسلسلہ سابقہ مسمی لڈن خان مستری دائرمین ملازم بجلی گھر مشاہرہ دار ۱۰ روپیہ ماہوار از ۱۰ر لغایتہ ۱۶ر نومبر ۱۹۳۶ء بوجہ علالت مع تصدیق صاحب فائنانس سکریٹری بہادر (آڈٹ) بابت استحقاق رخصت رعایتی مزید۔

حکم

لڈن خاں دائرمین ملازم بجلی گھر کی مزید رخصت رعایتی ایک ہفتہ منظور ہے۔ بسررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط عالی مرتبت صاحب منسٹر پبلک ورکس

اطلاع

۳۰ر نومبر ۱۹۳۶ء

صیغہ جات ریاست میں بسلسلہ دورہ وغیرہ کارخانجات ہاؤس ہولڈ سے اب تک سامان طلب کیا جانے کا طریقہ جاری ہے۔ حالانکہ کارخانجات ہاؤس ہولڈ میں نئے سامان کی خریداری کا اور پرانے سامان کی خاطر خواہ مرمت کا سلسلہ بند ہو چکا ہے۔ جو سامان موجود تھا وہ کثرت استعمال سے زیادہ تعداد میں خراب ہو چکا ہے۔ اب صرف سرکاری مہمانداری کی ضرورت کے موافق سامان رہ گیا ہے۔ اگر اسکا تحفظ ہی نہ کیا گیا تو آئندہ مہمانداری کے لئے بھی سامان کی فراہمی دشوار ہو جائے گی۔ لہذا بذریعہ ہذا بجملہ عالی مرتبت منسٹر صاحبان بہادر کی خدمت میں تصدیعہ دیا جاتا ہے کہ جن جن صیغہ جات کو دورہ وغیرہ کے لئے یا صیغہ جات کی ضروریات کے لئے فرنیچر اور کیمپ کے سامان کی ضرورت ہو براہ کرم نئے سال کے بجٹ میں انتظام فرمائیں۔ آئندہ سال سے کارخانجات ہاؤس ہولڈ سامان مہیا کرنے سے معذور رہینگے۔ بسررشتہ صدر سے نقول جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت منسٹر بہادر امور عامہ

حکم

حسب تجویز پنشن آفس دربارہ عطائے صیغہ انعام منشی علی حسین خاں اہلمد ریٹائر شدہ کو چار سال کی گریجویٹی کے بابت چودہ روپیہ دیئے جانا منظور ہیں۔ بسررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں نقل درج گزٹ ہو۔ بعد اجرائے احکام اصل کاغذات صیغہ ہذا کو روانہ کئے جائیں۔

یکم دسمبر ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر پبلک ورکس

تصحیح

یکم دسمبر ۱۹۳۰ء

بموجب نقل حکم مسلک ہذا ۱۹ر ستمبر ۱۹۳۰ء کو رنگی لال سابق ایپرنٹسی کا تقرر بمشاہرہ سولہ روپیہ ماہوار بجائے منشی علی حسین صاحب اہلمد ریٹائر عمل میں آچکا ہے۔ چونکہ اس آسامی کی ابتدائی تنخواہ گریڈ اسکیم کی رو سے پندرہ روپیہ ماہوار ہے اس سے تقرر بھی ابتدائی تنخواہ پر اصولاً ہونا چاہیئے۔ لہذا حسب منشور دفتر فنانس باتفاق رائے صیغہ انہار تصحیح کیجاتی ہے کہ رنگی لال اہلمد کو یوم تقرر کارکردگی سے پندرہ روپیہ ماہانہ تنخواہ ملیگی۔ کاغذات ہذا بغرض اجراء احکام تصحیح بخدمت ڈپٹی سکرٹری صاحب صدر رکھوں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر پبلک ورکس

باتفاق رائے صاحب ایگزیکیٹو انجینیر انہار رنگی لال کا تقرر بعہدہ اہلمدی صیغہ نہر بمشاہرہ سولہ روپیہ ماہوار بجائے علی حسین صاحب اہلمد ریٹائر شدہ منظور کیا جاتا ہے۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۹ر ستمبر ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

فہرست مقدمات عدالت عالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور

فہرست پیشی مقدمات جنکی پیشی من ابتدائے ۴ دسمبر ۱۹۳۶ء لغایت ۹ دسمبر ۱۹۳۶ء بعدالت ہائی کورٹ ہوئی بغرض اشاعت گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔ فقط

۹ دسمبر ۱۹۳۶ء
دستخط عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	یوم	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۴ دسمبر	جمعہ	تعطیل جمعہ	.	.	.
۵ دسمبر	شنبہ	اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	اسلم خاں بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۵۹	زیر تجویز
"	"	"	منی لال بنام سندر دیوا	نگرانی دیوانی بنا راضی حکم ازیشنل جج بنسبت نامنظوری درخواست انتقال ڈگری	زیر تجویز
"	"	اجلاس عالی مرتبت مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر	عالمگیر خاں بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۵۵۲ ت	اپیل نامنظور ہو تجویز عدالت ماتحت بحال رہے۔
"	۵	"	ارشاد علی وغیرہ بنام سرکار بہادر	" بجرم دفعہ ۳۲۴ ت	چونکہ ملزمان کو دیگر مقدمہ سیشن میں بجرم دفعہ ۳۰۲ ت حبس دوام کی سزا ہو گئی ہے جس کا ملزمان نے اپیل کیا ہے۔ لہذا حسب بیان ملزمان تا تصفیہ اپیل سماعت اپیل ہذا ملتوی رہے۔
"	"	"	سرکار بہادر بنام ہمن لال	درخواست عذرداری نسبت وضعات تنخواہ	عذرداری صاحب اسسٹنٹ وکیل سرکار نامنظور ہو خرچہ فریقین ذمہ فریقین رہے۔
"	۵	اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	لاڈن خاں بنام ببا خاں وغیرہ	اپیل دیوانی بدعوے بازحصہ گلاوٹ دراب وشین شکر سازی	اپیل ہذا نامنظور ہو۔ تجویز و حکم عدالت ماتحت بحال رہے۔ خرچہ غالب ذمہ مغلوب عائد ہو۔
[illegible]	[illegible]	تعطیل عید الفطر	.	.	.
[illegible]	[illegible]	تعطیل سالگرہ اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم	.	.	.

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

معافی جرمانہ

۹ر دسمبر ۱۹۳۶ء

مصدرہ رپورٹ منصرم صاحب باورچیخانہ جات ماندر بدین مضمون کہ بحکم ۲۸ر جون ۱۹۳۶ء اجلاس جناب صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر انچارج صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر سے منصرم صاحب مذکور پر دو روپیہ و میاں امین جان خدمتگار پر دو روپیہ اور مظفر خدمتگار پر چار آنہ جرمانہ ہوا ہے۔ آئندہ احتیاط سے کام کیا جائے گا لہذا معافی جرمانہ کا حکم صادر فرمایا جائے

حکم

چونکہ جناب صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر کو معافی جرمانہ میں کوئی اعتراض نہیں ہے اسلئے جرمانہ منصرم صاحب و خدمتگاران باورچیخانہ جات عام مصدرہ ۲۸ر جون ۱۹۳۶ء معاف کیا جاتا ہے صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم دفتر ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

پروگرام دورہ

۱ر دسمبر ۱۹۳۶ء

بخدمت شریف جناب منیجر صاحب مطبع۔

جناب من!

نقل دورہ پروگرام مقامات حسب ذیل متعلق ویٹرنری اسسٹنٹ صاحب ماہ دسمبر ۱۹۳۶ء بغرض اشاعت گزٹ ارسال ہے براہ مہربانی حسب قاعدہ اس کا گزٹ میں اندراج فرمایا جاوے۔

زیادہ نیاز۔

دستخط ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

نمبر شمار	تاریخ دورہ	مقامات
۱	۳ر دسمبر ۱۹۳۶ء	تھانہ منڈی
۲	۵ر دسمبر ۱۹۳۶ء	سوار
۳	۷ر دسمبر ۱۹۳۶ء	بلاکپور
۴	۹ر دسمبر ۱۹۳۶ء	شاہ آباد
۵	۱۰ر دسمبر ۱۹۳۶ء	ملک
۶	۱۳ر دسمبر ۱۹۳۶ء	مدیکہ
۷	۱۸ر دسمبر ۱۹۳۶ء	کوٹلہ
۸	۲۲ر دسمبر ۱۹۳۶ء	سرال
۹	۲۳ر دسمبر ۱۹۳۶ء	جہ
۱۰	۲۸ر دسمبر ۱۹۳۶ء	باغ
۱۱	۳۰ر دسمبر ۱۹۳۶ء	پڑانی

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابتہ ہفتہ دوئم ماہ دسمبر ۱۹۳۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۱۲ سیر				
جو خالص			۱۷ سیر				
جو گندم آمیز			۱۷ سیر				
...ت			۱۸ سیر				
ماش			۱۱ سیر				
مونگ			۸ سیر				
...نا			۱۲ سیر				
جنی			٠				
...جنی			٠				
عدس			٠				
ارہر			٠				
برنج			۸ سیر				
روغن زرد			۳ چھٹانک فی روپیہ ۱ روپیہ ۱۰ آنہ فی سیر				
...سیاہ			۱۲ سیر				
روغن کنجد			۱۲ سیر				
نمک سانبھر			۱۰ سیر				
نمک لاہوری			۷ سیر				
...سیاہ			۹ سیر				
...سبزہ			۱۴ سیر				

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور